# قرارداد

## یوم یکجہتی کشمیر( 5فروری2025)

یہ ایوان:

- کشمیر عوام کو ان کے ناقابل تنسیخ خودارادیت کے اصول کے منصفانہ جدوجہد کے لیے پاکستان کی غیر متزلزل اخلاقی سیاسی اور سفارتی حمایت کا اعادہ کرتا ہے۔
- ہندوستان کے غیر قانونی طور پر مقبوضہ جموں و کشمیر کی بہادری، حوصلے اور قربانیوں کو زبردست خراج تحسین پیش کرتا ہے۔
- Indian Occupied Jammu And Kashmir (IIOJ&K)پر اپنے قبضے کو مستحکم کرنے اور اس کی بین الاقوامی سطح پر تسلیم شدہ متنازعہ حیثیت کو نقصان پہنچانے کے لیے بھارت کی مسلسل کوششوں پر شدید تشویش کا اظہار کرتا ہے، خاص طور پر 5اگست 2019 کے اس کے غیر قانونی اور یکطرفہ اقدامات کے نتیجے میں،
- یہ ایوان اس بات پر زور دیتا ہے کہ Indian Occupied Jammu And Kashmir (IIOJ&K)کوئی بھی سیاسی عمل جموں و کشمیر کے لوگوں کے حق خودارادیت کے استعمال کا متبادل نہیں بن سکتا، جیسا کہ اقوام متحدہ کی سلامتی کونسل کی متعلقہ قراردادوں میں درج ہے۔
- یہ ایوان Indian Occupied Jammu And Kashmir (IIOJ&K)میں انسانی حقوق کی منظم خلاف ورزیوں کی مذمت کرتا ہے۔، سخت قوانین کے تحت جو انصاف کے اصولوں کی خلاف ورزی کرتے ہیں۔
- یہ ایوان آزاد جموں و کشمیر اور گلگت بلتستان کے حوالے سے بھارتی سیاسی رہنماؤں اور اعلیٰ فوجی افسران کے اشتعال انگیز بیانات کو یکسر مسترد کرتے ہیں۔
- یہ ایوان اس بات پر زور دیتا ہے کہ جموں و کشمیر تنازعہ کا حل اقوام متحدہ کی سلامتی کونسل کی قراردادوں اور کشمیری عوام کی امنگوں کے مطابق، جنوبی ایشیا میں دیرپا امن کے لیے ضروری ہے۔
- یہ ایوان مطالبہ کرتا ہے کہ ہندوستان Indian Occupied Jammu And Kashmir (IIOJ&K)میں انسانی حقوق کی صورتحال کو بہتر بنائے۔ تمام کشمیر سیاسی قیدیوں کی رہائی اور سخت ہنگامی اور انسداد دہشت گردی کے قوانین کو منسوخ کرے۔
- یہ ایوان مزید مطالبہ کرتا ہے کہ بھارتی سلامتی کونسل کی متعلقہ قراردادوں پر عمل درآمد کرے تاکہ کشمیری عوام اقوام متحدہ کے زیراہتمام منصفانہ اور غیر جانبدارانہ استصواب رائے کے جمہوری طریقہ کار کے ذریعے اپنے مستقبل کا تعین کر سکیں۔

**دستخط/۔**

**جناب امیر مقام، وزیر امور کشمیر و گلگت بلتستان و سرحدی علاقہ جات**

**راجہ پرویز اشرف**

**رانا تنویر حسین، وزیر صنعت و پیداوار**

**جناب عطاءاللہ تارڑ، وزیر اطلاعات و نشریات**

**سید مصطفیٰ کمال**

**جناب محمد عثمان بادینی**

**جناب خواجہ شیراز محمود**